PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پاکستان کرکٹ ٹیم کے دورہ انگلینڈ کا شیڈول جاری

- 3 ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز 5 اگست کو اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر سے ہو گا
- آخری 2 ٹیسٹ میچوں کی میزبانی ایجز باؤل، ساؤتھمپٹن کے سپرد
- سیریز میں شامل تینوں ٹی ٹونٹی میچز اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلے جائیں گے

**لاہور، 6 جولائی 2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹ ٹیم کے دورہ انگلینڈ کے شیڈول کی تصدیق کر دی ہے۔ پاکستان کو دورہ انگلینڈ میں 3 ٹیسٹ اور 3 ٹی ٹونٹی میچز کھیلنے ہیں۔

سیریز کا ابتدائی ٹیسٹ میچ 5 سے 9 اگست تک اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا۔ طویل طرز کی کرکٹ کے اگلے دونوں میچز ایجز باؤل ساؤتھمپٹن میں کھیلے جائیں گے۔ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 13 سے 17 اگست جبکہ تیسرا ٹیسٹ میچ 21 سے 25 اگست تک جاری رہے گا۔

دونوں ٹیمیں سیریز میں شامل تین ٹی ٹونٹی میچز کھیلنے کے لیے ایک بار پھر اولڈ ٹریفورڈ مانچسٹر کارخ کریں گی۔ جہاں 28 اور 30 اگست کے علاوہ یکم ستمبر کو میچز کھیلے جائیں گے۔

قومی ٹیم 29 جون سے وورسٹر شائر میں موجود ہے۔ جہاں قومی اسکواڈ میں شامل کرکٹرز 14 روزہ قرنطینہ میں وقت گزار رہے ہیں، اس دوران قومی کھلاڑی ٹریننگ اور پریکٹس کے علاوہ انٹرا اسکواڈ میچز بھی کھیل رہے ہیں۔ قومی ٹیم 13 جولائی کو ڈربی شائر روانہ ہو گی جہاں سے یکم اگست کو ٹیم مانچسٹر پہنچے گی۔

قومی ٹیم کے دورہ انگلینڈ کا شیڈول مندرجہ ذیل ہے:

6 سے 12 جولائی: پریکٹس، انٹرا اسکواڈ میچز اور آرام، نیو روڈ

13 جولائی: ڈربی شائر روانگی

15 سے 30 جولائی: پریکٹس، انٹرا اسکواڈ میچز اور آرام، دی کاؤنٹی گراؤنڈ

یکم اگست: مانچسٹر روانگی

5 سے 9 اگست: پہلا ٹیسٹ میچ بمقام اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر

10 اگست: ساؤتھمپٹن روانگی

13 سے 17 اگست: دوسرا ٹیسٹ میچ بمقام ایجز باؤل، ساؤتھمپٹن

21 سے 25 اگست: تیسرا ٹیسٹ میچ بمقام ایجز باؤل، ساؤتھمپٹن

26 اگست: مانچسٹر روانگی

28 اگست: پہلا ٹی ٹونٹی میچ بمقام اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر

30 اگست: دوسرا ٹی ٹونٹی میچ بمقام اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر

یکم ستمبر: تیسرا ٹی ٹونٹی میچ بمقام اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر

2 ستمبر: لاہور روانگی

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of

playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS
USE SOAP
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWDS
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4